3/16/2023 فوری اشاعت #23-04

Taxi & Limousine Commission

David Do
چیئر/صدر
tlccommissioner@tlc.nyc.gov

Jason Kersten
معاملات عامہ
press@tlc.nyc.gov

33 Beaver Street
22nd Floor
New York, NY 10004

نوٹس: 400 انفرادی برقی گاڑی(EV) کے لائسنسز کے لیے درخواست کی میعاد 29 مارچ سے شروع ہوگی

29 مارچ، 2023 سے، صبح 10 بجے، برقی گاڑیوں (EVs) کے لیے 400 نئے فار ہائر گاڑی (FHV) کے لائسنسز دستیاب ہوں گے۔ یہ عمل 15 مارچ کو جاری کئے جانے والے 600 لائسنسز جیسا ہو گا، ماسوائے یہ کہ ایک سوشل سیکیورٹی نمبر (SSN) یا ملازمتی شناختی نمبر (EIN) کے تحت اظہار دلچسپی اور نتیجتاً درخواستیں 25 تک محدود ہے۔ ہر گاڑی کے لئے اپنی علیحدہ درخواست مطلوب ہو گی (آپ بیک وقت 25 لائسنسز کے لئے درخواست نہیں دے سکتے)۔ لائسنسز ناقابلِ منتقلی ہوں گے اور انہیں پہلے آئیے پہلے پائیے کی بنیاد پر تقسیم کیا جائے گا۔

EV لائسنسز کی درخواست دینے کے لیے، براہِ کرم اظہارِ دلچسپی کا فارم پُر کرکے جمع کروائیں جوکہ درج ذیل لنک پر TLC کی ویب سائٹ پر دستیاب ہوگا: https://www.nyc.gov/site/tlc/vehicles/get-an-electric-for-hire-vehicle-license.page.

براہِ کرم یہ یقینی بنانے کے لیے درج ذیل اہلیتی چیک لسٹ کا جائزہ لیں کہ آپ 400 EV لائسنس کے لیے اظہارِ دلچسپی کا فارم جمع کروانے کے درکار لوازمات کی تکمیل کرلیں:

- ☐ ایک مستند سوشل سیکیورٹی نمبر (SSN) یا ملازمتی شناختی نمبر (EIN)
- ☐ ایک مستند ای میل ایڈریس (اس ای میل کو آپ کے ساتھ درخواست کے پورے عمل کے دوران ابلاغ کے لیے استعمال کیا جائے گا)۔

فارم جمع کروائے جانے کے بعد، TLC اس کا جائزہ لے گا اور درخواست گزاروں کو ایک منفرد تصدیقی کوڈ اور درخواست مکمل کرنے کے طریقۂ کار کے ساتھ ایک ای میل وصول ہوگی۔ آپ کو درخواست کے عمل کے حوالے سے اہلیتی ای میل وصول ہونے کے بعد، آپ EV خرید سکتے ہیں۔ نااہل درخواست گزاروں کو ای میل کے ذریعے مطلع کر دیا جائے گا کہ وہ اہل نہیں ہیں۔

EV خریدنے اور درخواست کا عمل شروع کرنے کے لیے اہل درخواست گزاروں کے پاس 30 دن ہوں گے۔ اس عمل کا آغاز TLC کی لائسنس یافتہ بیس کے ساتھ اہل درخواست گزار کے الحاق سے ہوتا ہے اور گاڑی کی لائسنسنگ کا عمل شروع کرنے کے لیے بیس ایک بیس درخواست (بیس کا تصدیق نامہ) TLC کو جمع کروائے گی۔

تاثرات، سوالات، تجاویز Licensinginquiries@tlc.nyc.gov پر ای میل کریں